حرفِ تحسین

مجھے یہ کہتے ہوئے فخر محسوس ہوتا ہے کہ فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز کی دلچسپی رسائل وجرائد اور تحقیقی کتب کی اشاعت میں بہت واضح اور نمایاں ہے۔ ڈاکٹر اوج کی ادارتی سربراہی میں فیکلٹی کا یہ چوتھا شمارہ ہے، یعنی ہر چھ ماہ میں ایک شمارہ اور اشاعتِ کتب اس کے علاوہ۔

ڈاکٹر اوج ''معارف اسلامیہ'' کا مسودہ لیکر جب بھی میرے پاس آتے ہیں تو یقین مانیے کہ مجھے دلی مسرّت ہوتی ہے۔ وہ پچھلے دنوں فیکلٹی کے پلیٹ فارم سے اپنی ایک طالبہ ڈاکٹر آمنہ آفرین کا مقالۂ پی ایچ ڈی بھی شائع کر چکے ہیں۔ یہ ان کے ذوقِ علم پروری کی دلیل ہے۔ فیکلٹی کی علمی ترقی، بہتری اور عمدگی کے لیے ان کے پاس بہت سے آدرش ہیں جنہیں میں نہ صرف سراہتا ہوں بلکہ گاہ بہ گاہ اپنی جانب سے انہیں ہر ممکن تعاون کا یقین بھی دلاتا رہتا ہوں۔ بنیادی طور پر فیکلٹیز میں اس طرح کے کام ہونے چاہئیں تا کہ تحقیقی رویّے فروغ پائیں اور لوگ اپنی اپنی صلاحیتوں کے مطابق ملک وقوم کی خدمت کا فریضہ انجام دے سکیں۔

اس شمارہ کی اشاعت پر میں انہیں دلی مبارکباد دیتا ہوں اور فیکلٹی کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

ڈاکٹر قیصر
شیخ الجامعہ، جامعہ کراچی